تنظیم المدارس کے نصاب میں شامل

قطبی کی عربی شرح

حاشیہ قطبی

حافظ عبد الرشید مہروی

ناظم اعلیٰ دارالعلوم غوثیہ مہریہ

چوک شاہ عباس ملتان

٧٨٦
٩٢

ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

حاشیۃ القطبی

مرتب

فقیر عبد الرشید مدرس
مدرسہ غوثیہ ہدایت القرآن
ممتاز آباد
ملتان



بسم اللہ الرحمن الرحیم،

الحمد للہ رب العالمین، والصلوۃ والسلام علی سیدنا ومولانا محمد وعلی آلہ و واصحابہ اجمعین، اما بعد، صاحب قطبی کے مختصر حالات۔

نام، ابوعبداللہ قطب الدین محمد بن محمد رازی، یہ رَئے کی طرف منسوب ہے جہاں آپ رہتے تھے، رَئے کو آجکل تہران کہتے ہیں جو ایران کا دار الحکومت ہے، تعلیم و مسلک وغیرہ، شیخ جمال الدین اور دیگر مشاہیر وقت سے علم حاصل کیا، آپ کے فقہی مسلک کے بارے میں اختلاف ہے، بعض نے آپ کو حنفی شمار کیا اور بعض دیگر نے شافعی، نور اللہ شوستری نے اپنی کتاب "مجالس المومنین" میں آپ کو مسلکا شیعہ لکھا، تاج الدین سبکی نے آپ کو شافعی شمار کیا اور آپ کا طبقات الشافعیہ میں تذکرہ کیا، منطق، فلسفہ تفسیر و بیان میں عالم متبحر تھے، ۷۶۶ھ میں وفات پائی، تصانیف، آپ نے کئی کتب تصنیف فرمائیں جن میں سے چند یہ ہیں، شرح[1] مطالع الانوار، اس کا اصلی نام لوامع الاسرار ہے، شرح[2] رسالہ شمسیہ یعنی قطبی، رسالہ[3] قطبیہ، حاشیہ[4] کشاف، محاکمات[5]، امام فخر الدین رازی نے اشارات کی شرح میں شیخ بوعلی سینا پر اعتراضات کیئے تھے، نصیر الدین طوسی نے اپنی شرح اشارات میں ان کے جوابات دیئے، علامہ قطب الدین رازی نے دونوں کے اعتراضات وجوابات سامنے رکھکر موخر الذکر کتاب (محاکمات) لکھی، یہ کتاب فلسفہ میں ہے،

قطبی کے بارے میں، اس کا اصل نام تحریر القواعد المنطقیۃ فی شرح الرسالۃ

الشمسیۃ ہے لیکن مصنف (قطب الدین) کے نام سے مشہور ہوگئی اور قطبی کہی جانے لگی، قطبی رسالہ شمسیہ (جسکو عمر بن علی کاتبی متوفی ۶۷۴ھ نے لکھا) کی شرح ہے، علامہ کاتبی نصیر الدین طوسی کے شاگرد تھے، قطبی علم منطق میں عدیم النظیر کتاب ہے، اور مقبول عام ہے اسپر بڑے بڑے ماہرین نے شروح و حواشی لکھے جن میں سے چند درج ذیل ہیں، میر قطبی[۱]، یہ قطبی کا شاندار حاشیہ[۱] ہے جسکو سید شریف علی بن محمد نے لکھا، حاشیہ عصام الدین[۲]، جسکو علامہ عصام الدین اسفرائنی نے تالیف کیا، حاشیہ عبد الحکیم[۳]، جسکو علامہ عبد الحکیم سیالکوٹی رحمہم اللہ نے تصنیف فرمایا، یہ تینوں مطبوعہ ہیں،

شرح خطبہ قطبی، ان ابہی درر تنتظم ببنان البیان، **ترجمہ**، بے شک بہت خوبصورت موتی جو پروئے جاتے ہیں بیان کے پوروں کے ساتھ،

ترکیب ابہی درر مرکب اضافی ہے ان کا اسم ہے تنتظم، صیغہ واحد مونث غائب مضارع مجہول ہے ہی ضمیر اسمیں پوشیدہ اس کا نائب فاعل ہے اور اس کا مرجع درر ہے یہ صفت ہے درر کی، باء جار متعلق تنتظم بنان البیان مرکب اضافی باء کا مجرور ہے، بنان کی بیان کی طرف اضافت لامی ہے، **التشریح** اَبْہٰی اسم تفضیل ہے بَہَا، سے بمعنی خوبصورت ہونا، دُرَرٌ دُرَّۃٌ کی جمع ہے بمعنی موتی، تُنْتَظَمُ نَظْمٌ سے ہے بمعنی پرونا، بَنَانٌ بَنَانَۃٌ کی جمع ہے بمعنی انگلی کا پورا، البَیَانُ بَانَ یَبِیْنُ کا مصدر ہے بمعنی ظاہر ہونا، بیان اس فصیح کلام کو کہتے ہیں جو ما فی الضمیر کو ظاہر کرے، واذہر زہر تنتشر فی اردان الاذہان، **ترجمہ** اور زیادہ

روشن پھول جو بکھیرے جاتے ہیں ذہنوں کی آستینوں میں، **ترکیب** ازہر کا عطف البہی پر ہے لہذا یہ بھی منصوب ہوگا، زہر ازہر کا مضاف الیہ ہے تنتشر زہر کی صفت ہے، یہ مضارع مجہول ہے ھی ضمیر درو مستتر راجع بسوئے زہر اس کا نائب فاعل، فی جار متعلق تنتشر الردان الاذہان مرکب اضافی، فی کا مجرور، **تشریح**، أزہر اسم تفضیل ہے بمعنی زیادہ روشن، زَہَر (بفتح الہاء) یا زَہْر (بسکون الہاء) اسم جنس ہے بمعنی پھول، اور بعض کے بقول یہ زُہَر ہے جمع ہے زَہْرَة کی بمعنی سفیدی، لیکن مشہور و مسموع من المشائخ اول یعنی زَہَر یا زَہْر ہے، تَنْتَشِرُ نَشْر سے ہے بمعنی بکھیرنا، پھیلانا، أرْدَان رُدْن کی جمع ہے بمعنی سر آستین، الأذہَان ذِہْن کی جمع ہے بمعنی ذہن، قوت، حمد مبدع انطق الموجودات بآیات وجوب وجوده، **ترجمہ** پیدا کرنے والے کی تعریف جس نے قوت گویائی دی موجودات کو اپنے ضروری والازمی وجود کی نشانیوں کے ساتھ، **ترکیب** حمد مبدع مرکب اضافی ہے ان البہی والے ان کی خبر ہے، انطق واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ہو ضمیر درو مستتر راجع بسوئے مبدع اس کا فاعل، الموجودات، یہ مفعول بہ ہے انطق کا لیکن جمع مونث سالم ہونے کی وجہ سے اس کا نصب جر کے ساتھ ہے، باء جار سببیہ متعلق انطق آیات مضاف ہے وجوب کیطرف وہ مضاف ہے وجود کیطرف وہ ہ ضمیر کیطرف مضاف ہے ہ مبدع کی طرف راجع ہے **تشریح**، مُبْدِع اِبْدَاع سے ہے بمعنی کسی چیز کو نیا بغیر مثال کے پیدا کرنا، **فائدہ** اِحْدَاث، تَکْوِین، اِبْدَاع میں فرق) اِحداث مطلق

پیدا کرنا، تکوین، تدریج کے ساتھ پیدا کرنا، ابداع، بغیر مثال کے پیدا کرنا، ——
اَنْطَقَ اِنْطاق سے ہے بمعنی بولنے والا کرنا، قوت گویائی دینا، بلوانا، اَلْموجودات موجود
کی جمع ہے اس سے مراد مجردات (فرشتے) آسمان وزمین اور جو کچھ ان کے اندر ہے ہیں۔
آیات آیۃ کی جمع ہے بمعنی علامت، نشانی، وُجوب مصدر ہے بمعنی ثابت ہونا، ضروری
ہونا، وُجود یہ بھی —— مصدر ہے بمعنی موجود ہونا، وُجوب وجودہ یہ جملہ (وجودہ واجب)
کا مضمون ہے، وجوب وجود سے مراد یہ ہے کہ وجود ضروری ہو یعنی ذات سے وجود کا جدا ہونا محال
ہو، واجب الوجود کی تعریف، ہو الذی یکون وجودہ من ذاتہ ولا یحتاج الی شئی اصلا،
آیات کی وجوب کیطرف اضافت دال کی ہے مدلول کی طرف، یعنی وہ علامات جو اس کے
واجب الوجود ہونے پر دلالت کرتی ہیں آیات سے برہانی اور خطابی قیاسوں کے مادے
مراد ہیں، اَنْطَقَ کا مفعول ثانی بواسطہ حرف جر مقدر ہے وہ بالوحدانیۃ یا بالتسبیح ہے تقدیر
عبارت یہ ہے انطق الموجودات بالوحدانیۃ او بالتسبیح بسبب علامات تدل علی انہ
واجب الوجود، یعنی اللہ رب العزۃ نے موجودات کو اپنی تسبیح و وحدانیت کا ناطق وقائل
بنایا بسبب ان علامات کے جو اس کے واجب الوجود ہونے پر دلالت کرتی ہیں، واضح رہے
کہ حمد مبدع میں حمد سے معنی مصدری (تعریف کرنا) مراد نہیں بلکہ محمود بہ یعنی وہ الفاظ
جو موصوف کیطرف بقصد تعظیم منسوب ہونے والی صفات پر دلالت کرتے ہیں، مراد ہے، مطلب
بہترین کلمات جو بیان کیئے جاتے ہیں وہ ہیں جو اللہ کی اوصاف جمیلہ پر دلالت کریں، اور
بہترین علمی وادراکی صورتیں جن کا ادراک کیا جاتا ہے اللہ کا شکر ہے وہ اللہ جس نے
موجودات کو اپنی تسبیح پڑھنے کی قوت دی اپنی وحدانیت کے اقرار کی توفیق دی اس لیئے کہ

انہیں وہ دلائل دکھائے جن سے یہ ظاہر ہوتا تھا کہ وہ واجب الوجود ہے تمام تعریفوں کے

لائق ہے وحدہ لاشریک ہے، وشکر منعم اغرق المخلوقات فی بحار افضاله

وجوده، ترجمہ، اور شکر احسان کرنے والے کا جس نے غرق کر دیا مخلوقوں کو

اپنی سخاوت واحسان کے دریاؤں میں، ترکیب، اغرق صیغہ واحد مذکر غائب

ماضی معلوم ہو ضمیر درو مستتر راجع بسوئے منعم اس کا فاعل، اور یہ اغرق منعم کی صفت

ہے المخلوقات دبکسر التاء، مفعول بہ اغرق، فی جار متعلق اغرق. بحار مضاف

مجرور فی، افضاله مرکب اضافی. بحار کا مضاف الیہ ۃ کا مرجع منعم ہے جوده کا عطف

افضاله پر ہے اس کی ضمیر بھی منعم کیطرف راجع ہے. بحار کی افضال کی طرف اضافت

مشبہ بہ کی ہے مشبہ کیطرف ہے یعنی وہ احسان جسکو دریاؤں کے ساتھ

مشابہت ہے پھیلاؤ میں، شکر منعم میں شکر مرفوع ہے اور اس کا عطف

حمد مبدع پر ہے، تشریح،، شکر لغت میں فعل ینبئ عن تعظیم

المنعم لکونہ منعما یعنی ایسا کام جو محسن کی تعظیم کو ظاہر کرے بوجہ اس کے محسن ہونے

کے، کو کہتے ہیں، شکر کی اصطلاحی تعریف، بندے کا اللہ تعالے کے انعامات

کو انہیں چیزوں میں خرچ کرنا جنکے لئے وہ پیدا کئے گئے ہیں مثلا اعضاء (جنکی

تخلیق نیک کام کرنے کیلئے ہے) کو نیک کام کرنے کیلئے استعمال کرنا، فائدہ

لف ونشر مرتب کے طور پر حمد مبدع کا ابھی درر کے ساتھ تعلق ہے اور شکر

منعم کا ازہر زہر کے ساتھ تعلق ہے، سوال، شکر منعم کا حمل ازہر زہر پر ناجائز ہے

کیونکہ معنی ہوتا ہے روشن تر پھول شکر یعنی بندے کا خرچ کرنا آہ ہے اور یہ معنی

درست نہیں ہے، جواب ذکر سے مراد علمی اور ادراکی صورتیں ہیں خواہ وہ صورتیں لفظی ہوں یا معنوی، اور شکر سے شکر لغوی مراد ہے نہ کہ اصطلاحی، مُنْعِم اسم فاعل ہے اِنْعام سے بمعنی احسان کرنا، اَغْرَق اِغْرَاق سے ہے بمعنی غرق کرنا، المخلوقات مَخْلُوْقَۃ کی جمع ہے بمعنی پیدا کیئے ہوئے، مخلوقات سے مراد وہی ہے جو موجودات سے مراد ہے، اغرق المخلوقات کا مطلب یہ ہے کہ اس کی نعمتیں تمام مخلوق کو شامل ہیں اور مخلوقات میں سے ہر فرد پر اس کی نعمت ہے، بِحَار بَحْر کی جمع ہے بمعنی دریا، اِفْضَال باب افعال کا مصدر ہے بمعنی احسان کرنا، مراد حاصل بالمصدر[1] یعنی احسان ہے، جُوْد مصدر ہے بمعنی سخاوت کرنا، یہاں حاصل بالمصدر یعنی سخاوت مراد ہے، اِفْضال و جُوْد میں فرق، افضال کسی پر احسان کرنا بشرطیکہ جس پر احسان کیا گیا ہے اس نے پہلے سوال کیا ہو اور وہ اس احسان کا مستحق بھی ہو، جود مناسب چیز کا فائدہ دینا کسی مقصد و عوض کے بغیر اور جس پر جود کیا ہے وہ اس جود کا مستحق بھی نہ ہو اور اس نے سوال بھی نہ کیا ہو، تلألأ فی ظلم اللیالی انوار حکمتہ الباھرۃ، ترجمہ روشن ہو گئے تاریک راتوں میں اس کی غالب حکمتوں کے انوار، ترکیب تلألأ بروزن تَدَحْرَجَ فعل ماضی معلوم، فی جار متعلق تلألأ ظلم اللیالی مرکب اضافی مجرور فی، انوار مضاف، فاعل تلألأ، حکمتہ مرکب

---

(۱) حاصل بالمصدر کی تعریف، الہیئۃ القارۃ المترتبۃ علی المصدر، فالحد بالمعنی المصدری ستودن والحاصل بالمصدر سپاس وستائش، حاشیہ عبد الغفور لاری ص۲،

اضافی انوار کا مضاف الیہ، حکمتہ کی ضمیر کا مرجع منعم ہے البَاهِرة صفت حکمتہ،

تشریح، تَلَأْلَأَ بروزن تَدَحْرَجَ روشن ہونا، ظُلَمْ ظُلْمَۃٌ کی جمع ہے، معنی
تاریکی، اللیالی لَیْلٌ کی جمع ہے معنی رات، ظلم کی اللیالی کیطرف اضافت صفت
کی ہے موصوف کیطرف یعنی اللیالی المظلمۃ، اَنْوَار جمع نُور معنی روشنی، حِکْمَۃ
حَکُمَ کا مصدر ہے، معنی، کام و بات کو پختہ کرنا، یہاں حاصل بالمصدر یعنی دانائی مراد
ہے، اَلْبَاہِرَۃ بَہَرَ سے ہے معنی غالب ہونا، مطلب مخلوقات پر خدا کے جو مخفی احسانات
ہیں مثلاً اس کے مضبوط کام وہ مخفی احسانات مخلوق کے علماء پر ان کے علم کے مطابق
ظاہر ہوگئے، یا انوار کی حکمت کیطرف اضافت مشبہ بہ کی ہے مشبہ کیطرف، اور راتوں
کی تاریکی سے مراد کفر ہے، اور انوار حکمت سے مراد علوم شرعیہ ہیں، اور مطلب یہ ہے کہ کفر کی
تاریکی میں علوم شرعیہ ظاہر و واضح ہیں، واستنار علی صفحات الایام آثار سلطنتہ
القاھرۃ، ترجمہ اور روشن ہوگئیں دنوں پر اس کی غالب بادشاہی کی نشانیاں،

ترکیب، یہ تلألأ پر معطوف ہے، علی جار متعلق استنار صفحات الایام مرکب اضافی
(اضافت لامیہ) مجرور علی، آثار مضاف فاعل استنار، سلطنتہ مرکب اضافی مجرور
آثار، ۂ راجع بسوئے منعم، القاہرۃ صفت سلطنتہ، تشریح، اِسْتَنَارَ، روشن ہونا
صَفَحَات صَفْحَۃٌ کی جمع ہے، معنی، چہرہ، اَلْاَیَّام جمع یَوْمٌ، دن، آثار جمع اَثَر معنی
نشانی، علامت، سَلْطَنَۃٌ مصدر ہے سَلْطَنَ کا معنی، بادشاہی آثار کی سلطنتہ
کی طرف اضافت مسبب کی ہے سبب کی طرف، یعنی وہ علامات جن کا سبب بادشاہی ہے
ہے، القاہرہ قَہْر سے ہے معنی غالب ہونا، مطلب، اللہ رب العزت کی غالب وقاہر

بادشاہی کی علامات (تدبیر واعلی انتظامات) جو عالم میں ظاہر کی گئیں وہ ہر ایک پر اس کے علم کے مطابق ظاہر ہوگئیں، اس فقرے اور ماقبل والے فقرہ جات کا خلاصہ یہ ہے کہ اس کی پوشیدہ نعمتیں ظاہر ہوگئیں اور اس کی ظاہر نعمتیں بھی واضح ہیں، اور محتاج بیان نہیں، نحمدہ علی مااولنا من آلاء ازہرت ریاضہا، ترجمہ تعریف کرتے ہیں ہم اسکی اسپر جو عطا کیں اس نے ہم کو نعمتیں جو شگفتہ ہوگئے ان کے باغات ترکیب، نحمد فعل با فاعل ہ مفعول بہ راجع بسوئے منعم علی جار متعلق نحمد ما موصولہ اس کا عائد مقدر ہے اور وہی مفعول ثانی ہے اولی کا، یعنی ما اولا نا ایاہ، اولی کا فاعل اسمیں ضمیر ہے راجع بسوئے منعم، نا اس کا مفعول اول ہے، من بیانیہ (ما کا بیان ہے) متعلق الکائن یا الکائنۃ صفت ما موصولہ، آلاء مفرد منصرف صحیح مجرور من، ریاضہا مرکب اضافی فاعل ازہرت ہا راجع بسوئے آلاء، تشریح، اولی ایلاء سے ہے بمعنی عطا کرنا، آلاء الی (بروزن رضا) کی جمع ہے، بمعنی نعمت، ازہرت شگفتہ ہونا پھول دار ہونا، ریاض روض کی جمع ہے، باغ، مطلب ہم خداوند قدوس کی اسپر تعریف کرتے ہیں کہ اس نے ہمکو کامل نعمتیں عطا کیں، ونشکرہ علی ما اعطانا من نعماء اترعت حیاضہا، ترجمہ اور شکر کرتے ہیں ہم اس کا اسپر جو عطا کیں اس نے ہمیں نعمتیں جن سے حوض بھر دیئے گئے، ترکیب، اس کا عطف نحمدہ پر ہے ما موصولہ ہے اس کا عائد مقدر ہے اور وہی عائد اعطی کا مفعول ثانی ہے اترعت ماضی مجہول کے صیغہ پر حیاضہا اس کا نائب فاعل، ہا کا مرجع نعماء ہے

تشریح نَعماء اسم جمع ہے نعمت، یہ منصرف ہے، اقسام اعراب میں مفرد منصرف صحیح ہے، نعماء و آلاء میں فرق، نعماء باطنی نعمتیں، آلاء ظاہری نعمتیں، عند البعض دونوں مترادف ہیں، مطلب ہم اس پر خدا کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ اس نے ہم کو وافر و بے شمار نعمتیں عطا فرمائیں، ونسئلہ ان یفیض علینا من زلال ھدایتہ، ترجمہ اور سوال کرتے ہیں ہم اس سے یہ کہ بہائے ہم پر اپنی ہدایت کے صاف پانی سے، ترکیب، یہ نشکر پر معطوف ہے، ان یفیض نسئل کا مفعول ثانی ہے، علینا اور من زلال دونوں یفیض کے متعلق ہیں، یفیض کا مفعول مقدر ہے تقدیر عبارت ہے یفیض علینا شیئا من زلال آہ، اور بعض نے کہا زلال یفیض کا مفعول ہے اور من زائدہ ہے لیکن اول اولی ہے نسئلہ، یفیض، ھدایتہ کی ضمائر منعم کی طرف راجع ہیں، تشریح یفیض افاضۃ سے ہے، بہانا، زلال وہ میٹھا و صاف پانی جو بآسانی گلے سے اتر جائے، ھدایت یہاں بمعنی ایصال الی المطلوب کے ہے، زلال کی ھدایۃ کی طرف اضافت مشبہ بہ کی ہے مشبہ کی طرف یعنی وہ ہدایت جو میٹھے پانی کی طرح صاف و اعلی ہے مطلب ہم اللہ رب العزت سے سوال کرتے ہیں کہ ہمیں اعلی وارفع ھدایت عطا کرے، ویوفقنا للعروج الی معارج عنایتہ ترجمہ اور یہ کہ توفیق دے ہم کو واسطے چڑھنے کے اپنی مہربانی کی سیڑھیوں کی طرف، ترکیب یہ یفیض پر معطوف ہے، للعروج یوفقنا کے متعلق ہے، الی معارج عروج کے متعلق ہے، عنایتہ مرکب اضافی معارج کا مضاف الیہ ہے ہ کا مرجع منعم ہے، تشریح توفیق لغت میں مطلوب کے اسباب

کا حاصل ہونا، عُرُوْج عَرَجَ کا مصدر ہے، چڑھنا، مَعَارِج مِعْرَاج کی جمع ہے سیڑھی، عِنَایَۃ مصدر ہے، مہربانی کرنا، وان یخصص رسولہ محمدا اشرف البریات بافضل الصلوات، ترجمہ اور یہ کہ خاص کرے اپنے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو جو تمام مخلوقوں سے افضل ہیں، افضل درودوں کے ساتھ، ترکیب اس کا عطف یوفقنا پر ہے رسولہ یخصص کا مفعول بہ ہے محمدا رسولہ سے عطف بیان ہے اشرف البریات محمدا کی صفت ہے، بافضل یخصص کے متعلق ہے، تشریح، یخصص تخصیص سے ہے خاص کرنا، رَسُوْل، بھیجا ہوا، فائدہ علامہ عینی علیہ الرحمۃ نے شرح بخاری ص ۱۴/۱۲ پر فرمایا رَسُوْل صفت مشبہ کا صیغہ ہے بمعنی مرسل، اس میں واحد، جمع، مذکر، مؤنث تمام برابر ہیں، اللہ تعالی نے فرمایا انا رسول رب العلمین، محمد تحمید سے ہے تاج العروس شرح قاموس ص ۳۹/۸ پر ہے والتحمید حمدک اللہ عزوجل مرۃ بعد اخری، وفی التہذیب التحمید کثرۃ حمد اللہ سبحانہ بالمحامد الحسنۃ وہو ابلغ من الحمد، ومنہ ای من التحمید محمد کانہ حمد مرۃ بعد مرۃ اخری، مذکور کتاب کے ص ۴۱/۸ پر ہے والمحمد الذی کثرت خصالہ المحمودۃ، فائدہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش سے قبل محمد نامی سات آدمی تھے، اور احمد نامی کوئی نہ تھا، بقول بعض حضرت خضر علیہ السلام کا نام احمد تھا۔ تاج العروس شرح قاموس، اَفْضَل، بزرگ، الصلوات صَلوۃ کی جمع ہے، درود، رحمت، البَرِیَّات بَرِیَّۃ کی جمع ہے، مخلوق، وآلہ المنتجبین واصحابہ المنتخبین۔

باکمل التحیات، ترجمہ (اور خاص کرے) آپ کی پسندیدہ اولاد کو اور آپ کے برگزیدہ ساتھیوں کو ساتھ کامل ترین تحفوں کے، تشریح، آلؐ اولاد، یہاں آل سے مراد مطلق امت ہے اس صورت میں اصحابہ کا اس پر عطف خاص کا ہوگا عام پر، یہ بھی جائز ہے کہ آل سے مراد بنو ھاشم و بنو عبد المطلب ہوں یا صرف بنو عبد المطلب مراد ہوں، المنتجبین اسم مفعول ہے انتجاب سے چننا، پسند کرنا، اَصْحَاب، صَاحِبْ کی جمع ہے، صاحب کا معنی ہے ساتھی، المنتخبین، اسم مفعول ہے انتخاب سے، برگزیدہ ہونا اَکْمَلْ اسم تفضیل ہے کمال سے، زیادہ کامل، افضل، التحیات تَحِیَّۃ کی جمع ہے، تحفہ، مراد تعظیمات و تسلیمات ہے، وبعد فقد طال الحاح المشتغلین عَلَیَّ والمترددین الیّ، ترجمہ اور بعد حمد وصلوۃ کے پس بے شک لمبا ہوگیا مطالبہ مجھ پر (سننے پڑھنے میں) مشغول ہونے والوں کا، اور میری طرف (استفادہ کیلئے) آنے جانے والوں کا، تشریح، طَالَ طُوْل سے ہے، لمبا ہونا، اِلْحَاح مصدر ہے باب افعال کا، مبالغہ کرنا کسی چیز کی طلب میں اصرار کرنا، المشتغلین مُشْتَغِل کی جمع ہے مشغول ہونا، المترددین مُتَرَدِّدْ کی جمع ہے، آنا جانا، مشتغلین و مترددین سے مراد شارح علیہ الرحمۃ کے تلامیذ ہیں، ان اشرح لھم الرسالۃ الشمسیۃ ترجمہ، یہ کہ شرح لکھوں میں ان کے لیے رسالہ شمسیہ کی، یہ الحاح کا مفعول بہ ہے، ھم ضمیر کا مرجع مشتغلین و مترددین ہیں، تشریح اشرح شرح سے

ماخوذ ہے، معنی کھولنا، واضح کرنا، الرسالۃ اصل میں رسالہ اس کلام کو کہتے ہیں جو غیر کیطرف بھیجی گئی ہو، اصطلاحی تعریف یہ ہے الکلام المشتمل علی قواعد علمیۃ، الشمسیۃ منسوب ہے شمس الدین کی طرف اور یہ شمس الدین مصنف (عمر بن علی کاتبی) کا لقب ہے، سید شریف نے اپنی شرح میں کہا کہ شمس الدین اس وزیر کا لقب ہے جس کے لئے مصنف نے رسالہ لکھا، وابین فیہ القواعد المنطقیۃ

ترجمہ اور بیان کروں میں اس (شرح) میں منطقی قوانین کو،،،

تشریح، اُبَیِّنُ، تَبْیِین سے ہے، بیان کرنا، ظاہر کرنا، القواعد قاعدۃ کی جمع ہے عرف میں قاعدہ کی تعریف یہ ہے، حکم کلی (ای حکم علی کلی) یشتمل علی احکام جمیع جزئیات موضوعہ،،، المنطقیۃ، منطق کیطرف منسوب ہے، علما منهم بانهم سألوا عريفا ماهرا، ترجمہ، بوجہ ان کے جاننے کے کہ انہوں نے سوال کیا بہت بہت پہچاننے والے سے ذہین سے، ترکیب علما الحاج کا مفعول لہ ہے، منهم علما کی صفت ہے ای علما صادرا من انفسهم، تشریح، عَرِّيف مبالغہ کا صیغہ ہے، معنی ہے بہت پہچاننے والا، ماہر، حاذق، ذہین، سمجھدار، ب واستمطروا سحابا هامرا، ترجمہ اور بارش مانگی انہوں نے بہنے والے بادل سے، اس کا عطف سألوا پر ہے، تشریح، اِسْتَمْطَرَ، بارش طلب کرنا، سَحَاب بادل، هَامِر، بہت برسنے اور بہنے والا،،،

عریف، ماہر، سحاب، حامر سے مراد شارح ہے اپنے آپ کو ان صفات کے ساتھ متصف کرنا تحدیث نعمت کے طور پر ہے، ولم ازل ادافع قوما منہم بعد قوم، ترجمہ اور ہمیشہ رہا میں دفع کرتا ایک قوم کو ان میں سے بعد قوم کے، منہم قوما کی صفت ہے، بعد قوم ادافع کا مفعول فیہ ہے تشریح ادافع کا اصل میں معنی ہے ایک دوسرے کو دفع کرنا لیکن یہاں پر یہ مجرد (اَدْفَعُ) کے معنی (دفع کرنا) میں ہے، مطلب میرے پاس طلباء کے کئی گروہ شرح لکھنے کا مطالبہ لیکر آتے اور میں ہر گروہ کو ٹالتا رہتا،

واسوف الامر من یوم الی یوم، ترجمہ اور موخر کرتا میں کام (شرح لکھنا) کو ایکدن سے دوسرے دن کیطرف، اس کا عطف ادافع پر ہے تشریح اسوف تسویف سے ہے، موخر کرنا، دیر کرنا، الامر کام، حال، شان، اس وقت اس کی جمع اُمُوْر آئے گی، اس کا معنی حکم بھی ہے اسوقت اس کی جمع اَوَامر آئے گی، یہاں الامر سے مراد تحریر شرح ہے، مطلب میں شرح لکھنے کے مطالبے کو آئے دن ٹالتا رہتا کہ کل یہ کام شروع کریں گے، پھر دوسرے دن کہتا کل یہ کام شروع کریں گے، لاشتغال بال قد استولی علیہ سلطانہ، ترجمہ بوجہ مشغول ہونے میرے دل کے اس حال میں کہ غالب آگئی مجھپر دلیل اس اشتغال کی، یہ اسوف کی علت ہے بال پر تنوین عوض مضاف الیہ کے ہے یعنی بالی، تشریح، اشتغال، مشغول ہونا، استولی ب استیلاء سے ہے، غالب ہونا، سلطان دلیل، سلطان اشتغال سے مراد

اشتغال کے اسباب ہیں، مطلب میرے ان سے مطالبہ کو ٹھکرانے اور ان کی خواہش کی تکمیل کرنے میں تاخیر کی وجہ یہ تھی کہ میرا دل ایسا مشغول و مصروف تھا کہ میں اس مشغولیت سے روکنے پر قادر نہ تھا، واختلال حال قد تبین لدی برہانہ

ترجمہ اور بوجہ خراب ہو جانے میرے حال کے تحقیق ظاہر ہوگئی میرے نزدیک دلیل اس خرابی کی، اس کا عطف اشتغال پر ہے تشریح اختلال، خلل پڑنا خراب ہونا، برہان واضح دلیل یہاں مراد سبب ہے، حال پر تنوین عوض مضاف الیہ کے ہے یعنی حالی، مطلب میں ان کا مطالبہ پورا اس لئے نہیں کرتا تھا کہ میرا حال خراب تھا اور اس خرابی کے اسباب واضح تھے، ولعمری بان العلم فی ھذا العصر قد خبت نارہ، ترجمہ، مجھے اپنے علم کی قسم کہ علم اس زمانے میں بجھ گئی ہے آگ اس کی، ترکیب واو قسمیہ ہے لام مفتوحہ تاکید کیلئے ہے، بان میں باء زائدہ ہے ان العلم آہ جواب قسم ہے، فی ھذا العصر جار مجرور خبت کے متعلق ہے، فائدہ حرف جر جو زائد ہو وہ کسی کے متعلق نہیں ہوا کرتا، تشریح عصر، زمانہ، خبت بجھنا، نار آگ، نار علم سے مراد وہ تڑپ ہے جو طلباء کے دلوں سے شوق علم کی وجہ سے ظاہر ہوتی ہے، مطلب اس زمانہ (شارح کا زمانہ) میں علم کی تڑپ طلباء کے دلوں میں موجود نہیں ہے اس لئے میں تصنیف شرح سے کنارہ کشی کرتا ہوں، سوال قسم تو صرف خدا کے نام کے ساتھ اٹھانا جائز ہے شارح نے علم کی قسم کیوں اٹھائی، حدیث پاک میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا من حلف بغیر اللہ تعالی فقد اشرک

ترمذی ص ۲۸/۱۷، جواب ۱ عبارتِ شارح میں مضاف مقدر ہے اور
اصل عبارت یوں ہے لِوَاہِبِ علمی (علم عطا کرنے والے کی قسم) جواب ۲
یہ اگرچہ صورۃً قسم ہے لیکن اس سے مراد غیر اللہ کے ساتھ قسم کھانا نہیں ہے
کیونکہ عرب والے جبکہ اپنی کلام کو مضبوط کرنا چاہیں تو وہ اسکو بصورت قسم بیان
کرتے ہیں لہذا یہاں قسم سے مراد تاکید و ترویج کلام ہے نہ کہ قسم لغیر اللہ تعالیٰ،
ماخوذ از خرپوتی شرح قصیدہ بردہ شریف ص ۱۳۳، وولت الادبار
الصارہ، ترجمہ، اور پھیر دیا پیٹھوں کو اس علم کے مددگاروں نے، یہ غبت پر
معطوف ہے، تشریح ولّت تولیۃ سے ہے، پیٹھ پھیرنا، اَدْبار، دُبُر کی
کی جمع ہے پشت، اَنْصار نَاصِر یا نَصِیْر کی جمع ہے، مددگار، انصار علم سے مراد
معلمین و اساتذہ ہیں، مطلب اساتذہ تعلیم و تدریس میں رغبت نہیں کرتے،
الا انہم کلما ازددت مطلا وتسویفا ازدادو حثا وتشویقا، ترجمہ مگر بے شک
وہ جب بھی زیادہ ہوتا میں دیر اور تاخیر کرنے میں زیادہ ہو جاتے برانگیختہ کرنے اور
شوق دلانے میں، ترکیب، الا انہم ادافع کا مفعول فیہ ہے تقدیر عبارت ہے
ادافع الاوقت رؤیتی انہم آہ یہ مستثنیٰ متصل ہے لم ازل سے تقدیر عبارت
ہے انی کنت ادافع واسوف فی جمیع الاوقات الاوقت علمی حثہم و
تشویقہم زاد الی الغایۃ بسبب ازدیاد مطلی وتسویفی الی الکمال فانی فی ہذا
الوقت لم اجد آہ، سید شریف نے اپنی شرح میں فرمایا یہ ایک وہم کا
جواب ہے کلام سابق سے وہم ہوتا تھا کہ شارح نے جب تصنیف شرح میں

تاخیر کی اور طلباء کے گروہوں کو ناکام واپس لوٹادیا تو شاید مشتغلین و متردین نے اپنی خواہش (شرح رسالہ کی تالیف) کو ترک کردیا ہوگا تو الا انہم سے شارح نے اس وہم کو دور کیا، اس فقرے اور آئندہ فقرے میں جمع مذکر کی تمام ضمائر مشتغلین و متردین کی طرف راجع ہیں، اذدت شرط ہے اور ازدادوا کلما کی جزا ہے اور پھر یہ جملہ شرطیہ انہم والے ان کی خبر ہے، مطلا، تسویفا، حثا، تشویقا یہ تمام تمیزیں ہیں، تشریح مَطَل دیر کرنا، اصل میں اس کا معنی ہے قرضدار کا قرضہ ادا کرنے میں دیر کرنا، تسویف تاخیر کرنا، ب حَثّ برانگیختہ کرنا، ابھارنا، تشویق، شوق دلانا، بعض نسخوں میں تشویف ہے اس کا معنی ہے جلدی کرنا، فلم اجد بدا من اسعافہم بما اقترحوا ترجمہ پس نہیں پایا میں نے کوئی حیلہ اور بھاگنا انکی حاجت پوری کرنے سے ساتھ حاصل کرنے اس چیز سے جو طلب کی انہوں نے، ترکیب فاء تعلیلیہ ہے اور الا انہم جو استثناء ہے اس کی علت ہے، یا فاء جزائیہ ہے اور شرط مقدر ہے یعنی اذا کان الامر کذلك فلم اجد آه، بما اقترحوا میں باء تصویریہ ہے اور اسعاف کی صورت بیان کررہی ہے، باء کے بعد مضاف مقدر ہے تقدیر عبارت ہے من قضاء حاجتہم المصور بتحصیل ما اقترحوا، ب بما اقترحوا اسعاف کے متعلق ہے، تشریح بُدّ چارہ، حیلہ، اِسعاف، حاجت پوری کرنا، اِقتراح بغیر غور و فکر کے کوئی چیز طلب کرنا، مطلب میرے پاس ایسا حیلہ و بہانہ نہ تھا جس کو میں ان کی خواہش پوری نہ کرنے کی بنیاد بناتا۔۔۔

ما اقترحوا سے مراد تصنیف شرح رسالہ ہے، والیصالہم الی غایۃ ما ب
التمسوا، ترجمہ اور ان کو پہنچا دینے سے اس کی انتہا تک جس کا انہوں نے
التماس کیا تھا، اس کا عطف استعفہم پر ہے مطلب میرے پاس انکوانکی
خواہش کے آخری مرتبے (قواعد منطقیہ کو بیان کرنا) تک نہ پہنچانے کا کوئی بہانہ
نہ تھا، فوجہت رکاب النظر الی مقاصد مسائلہا ترجمہ پس متوجہ کیا میں نے
فکر کی سواریوں کو اس کے مسائل کے مقاصد کیطرف، رکاب کی نظر کی طرف
اضافت مشبہ بہ کی ہے مشبہ کیطرف، یعنی وہ غور و فکر جسکو سواری کے ساتھ
مشابہت ہے مقصود تک پہنچانے میں، مقاصد کی مسائل کیطرف اضافت
بیانیہ ہے یعنی مقاصد سے مراد مسائل ہیں، مسائلہا کی ضمیر رسالہ کی طرف ہے
تشریح، وجہت توجیہ سے ہے، متوجہ کرنا، یہاں مراد پختہ ارادہ کرنا ہے، رکاب
اسم جمع ہے اس کے لفظوں سے واحد نہیں آتا، بعض نے کہا یہ رکوبۃ کی جمع ہے بعض نے
کہا راحلۃ کی جمع ہے من غیر لفظہ، معنی سواری، نظر نگاہ، فکر، مقاصد مقصد کی
جمع ہے، ارادہ کرنے کی جگہ، مسائل مسئلۃ کی جمع ہے، مسئلہ قضیہ کو اور قضیہ میں
جو نسبت ہوتی ہے اس کو کہا جاتا ہے، اسمیں تا نقلت کی ہے لغت میں اس کا معنی
سوال کرنا ہے اور یہ مصدر ہے، بعض نے مسئلہ کی یہ تعریف کی ہے ہی مطلوب
خبری یبرہن علیہ فی العلم، یہاں اگر مسائل سے مراد نسب ہوں تو مقاصد کی
مسائل کی طرف اضافت بیانیہ ہوگی، اور مسائل کی ہا ضمیر کی طرف اضافت مدلول
کی ہوگی دال کی طرف، اور اگر مسائل سے مراد قضایا ہوں تو پھر مقاصد کی مسائل کیطرف

اضافت مدلول کی ہوگی دال کیطرف، اور مسائل کی ضمیر کی طرف اضافت بیانیہ ہوگی، مقاصد سے مراد معانی ہیں، مطلب میں نے اپنی نظر اور اپنی سوچ رسالہ کی شرح اور اس کے مسائل کی وضاحت پر مرکوز کردی، وسحبت مطارف البیان فی مسالك دلائلھا، ترجمہ اور کھینچا میں نے بیان کی چادروں کو اس کے دلائل کے راستوں میں، تشریح سَحَبْتُ سَحْب سے ہے، کھینچنا، مَطَارِف ب مُطْرَف کی جمع ہے، چادر جسمیں لکیریں ہوں، البیان واضح کلام، مَسَالِك مَسْلَك کی جمع ہے، راستہ، دلائل دلیل کی جمع ہے لغت میں دلیل کا معنی ہے راہ دکھانے والا، اصطلاح حکماء میں دلیل کی تعریف یہ ہے ما یلزم من العلم به العلم لشئ آخر، مطارف کی بیان کی طرف اضافت مشبہ بہ کی ہے مشبہ کیطرف یعنی وہ بیان جسکو حسن و وسعت میں چادر کے ساتھ مشابہت ہے، ت مسالك کی دلائل کی طرف اضافت بھی مشبہ بہ کی ہے مشبہ کیطرف، یعنی وہ دلائل جنکو راستوں کے ساتھ مشابہت ہے مقصود تک پہنچانے میں، مطلب میں نے واضح مقامات میں جہاں دلائل کی ضرورت تھی ان کو بیان کیا تاکہ دعاوی بلاتردد ثابت ہوں، وشرحتها شرحا كشف الاصداف عن وجوه فرائد فوائدها، ت ترجمہ اور میں نے اس رسالہ کی ایسی شرح لکھی کہ اس نے زائل کردیا پردوں کو اس کے فوائد کے یکتا موتیوں کے چہروں سے، تشریح كَشَفَ كَشْف سے ہے، زائل کرنا، ہٹانا الأَصْدَاف صَدَف کی جمع ہے موتی کا غلاف، سیپی، وُجُوہ وَجْه کی جمع ہے، چہرا،،، فَرَائِد فَرِیْدَة کی جمع ہے، بڑا موتی، فَوَائِد فَائِدَة کی جمع ہے، وہ جو لیا دیا جائے، ت

فوائد کی فوائد کی طرف اضافت مشبہ بہ کی ہے مشبہ کیطرف، یعنی وہ فوائد جنکو نفع دینے

اور پاکیزہ ہونے میں موتیوں کے ساتھ مشابہت ہے مطلب رسالہ شمسیہ میں جتنے

عمدہ اور بہترین فوائد مخفی تھے ان سب کو اس شرح نے واضح کردیا، وناط اللآلی علی

معاقد قواعدہا ترجمہ اور لٹکا دیا اس نے موتیوں کو اس رسالہ کے قواعد کی گردنوں پر،

اس کا عطف کشف پر ہے تشریح نَاطَ نَوْط سے ہے لٹکانا، لآلی لُؤْلُؤٌ کی جمع ہے

موتی، مَعَاقِد مَعْقَد کی جمع ہے باندھنے کی جگہ یعنی گردن، وضممت الیہا من الابحاث

الشریفۃ ماخلت الکتب عنہا، ترجمہ اور ملایا میں نے ان قواعد کیطرف شریف

بحثوں سے ان کو جو خالی تھیں کتابیں ان سے، من الابحاث ماخلت والے ما کا

بیان مقدم ہے، تشریح ضَمَمْتُ ضَمّ سے ہے ملانا، لاحق کرنا، اَبْحَاث بَحْث کی جمع

ہے، معنی کھرچنا، غور و خوض کرنا، اصطلاح میں تعریف یہ ہے اثبات المحمولات للموضوعات

اس کلام کو مبحث کہتے ہیں جسمیں اثبات مذکور واقع ہو، یہاں بحث سے مراد یا تو

مصدری معنی ہے یا حاصل بالمصدر یا اصول و قواعد یا مسائل دقیقہ ہیں، شریفہ سے بلند

درجے اور بلند شان والی ابحاث مراد ہیں، نُکَت نُکْتَۃٌ کی جمع ہے وہ باریکی جسکو

دقت نظر کے ساتھ نکالا گیا ہو، لطیفہ پاکیزہ، خَلَتْ خُلُوٌّ سے ہے خالی ہونا، ت

کُتُب کِتَاب کی جمع ہے کِتَاب مصدر ہے بمعنی مفعول (مکتوب) کے، ولابدّ منہ

ترجمہ حالانکہ وہ ضروری ہیں، واو حالیہ ہے مِنْہُ کی ضمیر ماخلت کی طرف راجع ہے، ت

تشریح بُدّ مصدر ہے جس کا معنی ہے چارہ، لابدّ سا کا معنی ہے ضروری، لازمی، اور یہ

(ولابد منہ) ایک وہم کا جواب ہے وہم رسالہ کی ابحاث کے ساتھ شارح نے جن

ابحاث وفوائد کا اضافہ کیا اگرچہ وہ شریف ابحاث ہیں لیکن ان کی کوئی زیادہ حاجت نہ تھی، شارح نے ولابد سے اس وہم کا جواب دیا کہ ان کی بہت حاجت تھی وہ ضروری تھے، بعبارات رائقۃ تسابق معانیہا الاذہان، ترجمہ ساتھ صاف صاف عبارتوں سے جو سبقت کرتے ہیں ان کے معانی ذہنوں کیطرف، ترکیب یہ ضممت کے متعلق ہے، رائقۃ عبارات کی صفت اول ہے تسابق صفت ثانی ہے الاذہان منصوب بنزع الخافض ہے یعنی الی الاذہان، اور تسابق کا مفعول بہ ضمیر مقدر ہے تقدیر عبارت یوں ہے تسابق معانیہا ایاہا الی الاذہان، اور یہ ضمیر عبارات کی طرف راجع ہے، تشریح، عبارات عبارۃ کی جمع ہے، عبارۃ عَبَّرَ کا اسم مصدر ہے بمعنی تعبیر کرنا، پھر اس (عبارۃ) کو اس معنی کیطرف نقل کیا گیا وہ الفاظ جن سے ساتھ معانی کو تعبیر کیا جائے لہذا یہاں عبارات سے مراد الفاظ دالہ بر معانی ہونگے، رائقۃ رَوْق سے ہے صاف ہونا، تسابق مسابقۃ سے ہے، دوڑنے میں ایک دوسرے سے آگے بڑھنا، اذہان ذہن کی جمع ہے، ذہن کی تعریف، قوۃ معدۃ لاکتساب العلوم، مطلب میں نے ان فوائد شریفہ کو ایسی عبارات اور الفاظ کے ساتھ بیان کیا ہے جن کے معانی ذہن میں جلدی آتے ہیں، یعنی ان عبارات کے معانی ظاہر و واضح ہیں، وتقریرات شائقۃ یعجب استماعہا الاذان، ترجمہ اور ساتھ شوق پیدا کرنے والی تقریروں کے جو تعجب میں ڈالتا ہے ان کا سننا کانوں کو، اس کا عطف عبارات پر ہے تشریح، تقریرات تقریر کی جمع ہے تقریر مصدر بمعنی مفعول (مقررات) کے ہے یعنی وہ عبارات جنکی دلالت اپنے معانی پر واضح وظاہر ہے، شائقۃ شَوْق سے ہے، شوق دلانا، شوق پیدا کرنا، یُعجب اِعجاب

سے ہے، تعجب میں ڈالنا، پسند آنا، اِسْتِمَاعٌ سننا، آذَانٌ اُذُن کی جمع ہے، کان، ف

وسميته بتحرير القواعد المنطقية في شرح الرسالة الشمسية، ترجمہ

اور نام رکھا میں نے اس شرح کا تحریر القواعد المنطقیۃ فی شرح الرسالۃ الشمسیۃ

(صاف بیان قواعد منطقیہ کا رسالہ شمسیہ کی شرح میں) ترکیب فی شرح

تحریر کے متعلق ہے علم رکھنے سے قبل کی حالت کا اعتبار کرکے، اس لئے کہ بعد از علم

تحریر اسم جامد ہے کوئی اس کے متعلق نہیں ہو سکتا، تشریح، تَحْرِیْر، اصل میں اس کا

معنی ہے کسی کو غلامی سے آزاد کرانا، یہاں مراد ہے قواعد کو اغلاق اور معنوی پیچیدگی

سے صاف کرنا، قَوَاعِد قَاعِدَۃٌ کی جمع ہے، قانون، ضابطہ، اَلْمَنْطِقِیَّۃ، منطق کی طرف

منسوب ہے، وہ قواعد جنکو علم منطق سے تعلق ہے یعنی منطق کے قوانین، وخدمت

بہ عَالِیْ حَضْرَۃِ مَنْ خصہ اللہ تعالی بالنفس القدسیۃ والریاسۃ الانسیۃ

ترجمہ اور خادم ہوگیا میں اس شرح کی وجہ سے اس شخص کی بلند ذات کا

جسکو خاص کیا اللہ تعالی نے پاک نفس کے ساتھ اور انسانی سرداری کے ساتھ،

مطلب میں نے اس شرح کے سبب اس آدمی کی خدمت کی جسکو اللہ تعالی

نے پاک جان اور انسانی سرداری عطا کی ہے کہ اسمیں یہ وصفیں پائی جاتی ہیں اور وہ

ان دو وصفوں سے جدا نہیں ہوتا یعنی مخصوص ممدوح ہے اور مخصوص بہ یہ دو

وصفیں ہیں، تشریح، خدمت خِدْمَۃ سے ہے خادم ہونا، عَالِیْ بلند، حضرۃ

حاء پر تینوں حرکات جائز ہیں، اصل میں اس کا معنی ہے حاضر ہونے کی جگہ، یہاں اس سے

مراد ذات ہے، خَصَّ، خاص کرنا، خاص ہونا، لازم و متعدی دونوں طرح آتا ہے، نَفْس

ذات، روح، القدسیۃ قُدُس کی طرف منسوب ہے، قدس کا معنی، پاک، پاک ہونا، نفس قدسیہ کی تعریف، وہ روح جو شیطانی وساوس سے پاک ہو، بعض نے کہا نفس قدسیہ اس کو کہا جاتا ہے جس پر معانی غیبیہ کا انکشاف ہو بغیر ترتیب مقدمات کے، الریاسۃ، سرداری، الانسیۃ اِنس کیطرف منسوب ہے یعنی انسانوں کا سردار، ترکیب باء باء سببیت کی ہے عالی خدمت کا مفعول ہے، حضرۃ عالی کا مضاف الیہ ہے اور من حضرۃ کا مضاف الیہ ہے، عالی کی حضرۃ کیطرف اضافت صفت کی ہے موصوف کی طرف، یعنی حضرۃ عالیۃ، حضرۃ کی من کیطرف اضافت بیانیہ ہے یعنی من خصہ حضرۃ کا بیان ہے، وجعلہ بحیث یتصاعد بتصاعد رتبتہ مراتب الدنیا والدین، ترجمہ اور کردیا اللہ تعالیٰ نے اس کو ایسا کہ اس کے مرتبہ کے بلند ہونے کے سبب دین اور دنیا کے مراتب بلند ہوتے ہیں، ترکیب اس کا عطف خصہ پر ہے۔ بحیث متلبسا کے متعلق ہو کر جعل کا مفعول ثانی ہے، اس کا مفعول اول ہ ضمیر ہے، ــ مطلب یہاں سے ممدوح کے نفس قدسیہ کے آثار کو بیان کر رہا ہے کہ اس کی روح کے پاک ہونے کے آثار و علامات کیا ہیں، تو فرمایا ممدوح کے مرتبہ کی بلندی سے اہل دین کے مراتب (اصلاح معاد، خدمت علماء، علماء کا دین کے ساتھ شغل، عبادت خدا) بلند ہو گئے کیونکہ اس کی روح پاک ہے اور وہ دینی کاموں میں خصوصی دلچسپی رکھتا ہے، اور اس کے مرتبہ کی بلندی سے اہل دنیا کے مراتب (اصلاح معاش راحت خلق) بھی بلند ہو گئے کیونکہ اس کی روح پاک ہے اور شیطانی کاموں سے ــ

وہ اجتناب کرتا ہے، تشریح، یتصاعد صُعُوْد سے ہے، اوپر چڑھنا، بلند ہونا، الدنیا اَدْنیٰ اسم تفضیل کا مؤنث ہے ادنی اگر دُنُوّ سے ہو تو دنیا کا معنی ہوگا بہت زیادہ قریب ہونے والی دنیا بھی آخرت اور فنا ہیئت کے قریب ہے، اور اگر دَنَاءَۃ سے ہو تو معنی ہوگا بہت زیادہ ذلیل ہونے والی، ــ

ویتطأطأ دون سرادقات دولتہ رقاب الملوک والسلاطین، ترجمہ اور گر جاتی ہیں اس کی بادشاہی کے خیموں کے سامنے بادشاہوں کی گردنیں، اس کا عطف یتصاعد پر ہے تشریح، یَتَطَأْطَأُ بروزن یَتَدَحْرَجُ، گرنا، جھکنا، دُوْن عِنْدَ کے معنی میں ہے یعنی سامنے، نزدیک، سُرَادِقَات سُرَادِق کی جمع ہے، وہ خیمہ جو گھر کے صحن کے وسط میں گاڑھا گیا ہو، دَوْلَۃ اس میں دال پر پیش بھی جائز ہے، دولت اس چیز کا نام ہے جو لوگوں کے درمیان باری باری آتی رہے کبھی کسی کے پاس کبھی کسی کے پاس، چلپی حاشیہ مطول صـ ۲۸ پر ہے والدولۃ اسم لمایتداول بین الناس یکون مرۃ لہذا ومرۃ لذاک رِقَاب رَقَبَۃ کی جمع ہے گردن، ملوک مَلِک کی جمع ہے بادشاہ، سَلَاطِیْن سُلْطَان کی جمع ہے بادشاہ، مطلب وہ ممدوح اتنا عظیم المرتبت ہے کہ بڑے بڑے متکبر بادشاہوں کی گردنیں (جو تکبر کیوجہ سے بلند ہوتی ہیں) اس کے خیمہ تک پہنچنے سے قبل جھک جاتی ہیں، یعنی خیمہ تک پہنچنے سے پہلے وہ اظہار عجز کرنے لگ جاتے ہیں، اس فقرے میں ممدوح کی انسانی سرداری کا بیان ہے، ــ

وہو المخدوم الاعظم دستور اعاظم الوزراء فی العالم، ترجمہ وہ ممدوح

لے سرادقات کی دولت کیطرف اضافت مشبہ بہ کی ہے مشبہ کیطرف یعنی وہ بادشاہی جسکو خیمہ کے ساتھ مشابہت ہے ماوی وملجا ہونے میں اور مصائب دور کرنے میں ۱۲-۱

بڑا سردار ہے، بڑے وزیروں کا وزیر ہے مخلوق میں، فی العالم الوزراء کی صفت ہے یعنی الوزراء الکائنین فی العالم، **تشریح**، مخدوم، خدمت کیا ہوا، سردار، اعظم، بڑا، دُسْتُوْر، اصل میں اس رجسٹرڈ کو کہتے ہیں جسمیں ملک کے قوانین محفوظ و جمع ہوں، یہاں وہ بڑا وزیر مراد ہے کہ لوگوں کے احوال میں جسکی تحریر کیطرف رجوع کیا جائے، اَعَاظِمُ اَعْظَم کی جمع ہے، بڑا، اس کی وزراء کی طرف اضافت صفت کی ہے موصوف کی طرف یعنی الوزراء الاعاظم، العالم اسم آلہ ہے، معنی، جاننے کا آلہ، جہان، یہاں عالم سے مراد مخلوق ہے، **مطلب** دنیا میں جتنے بڑے وزیر ہیں وہ سب سے بڑا ہے یعنی وہ وزیر اعظم ہے اس سے یہ اشارہ ملتا ہے کہ ممدوح بادشاہ نہیں، **فائدہ** عالم اسم آلہ کے صیغ کے ساتھ لاحق ہے اسم آلہ کے صرف وہ اوزان نہیں جو کتب صرف میں مشہور ہیں بلکہ اسم آلہ ان کے علاوہ اور اوزان پر بھی آتا ہے جو غیر مشہور ہیں جیسے فَعُوْلٌ مثلاً وَقُوْدٌ آگ جلانے کا آلہ، صاحب السیف والقلم،

ترجمہ تلوار والا اور قلم والا، **مطلب** ممدوح بہادر ہے لکھنا بھی جانتا ہے اور عالم ہے، سباق الغایات فی نصب رایات السعادات، **ترجمہ** بڑھنے والا ہے انتہاؤں کی طرف نیکبختیوں کے جھنڈے گاڑھنے میں، **تشریح** سبّاق مبالغہ کا صیغہ ہے، بہت سبقت کرنے والا، غایات غایۃ کی جمع ہے انتہاء، آخر، نَصْب گاڑھنا، رایات رَایَۃ کی جمع ہے جھنڈا، سعادات سعادۃ کی جمع ہے کامیابی، نیکبختی، **مطلب** یہ فقرہ عرب کے ایک قاعدہ سے ماخوذ ہے

عرب والے میدان کے آخر میں ایک جھنڈا گاڑھ دیتے تھے، دوڑ میں مقابلہ کرنے والوں میں جو پہلے اس جھنڈے کو لے لیتا وہ سابق اور کامیاب تصور کیا جاتا، اب اس فقرے کا مطلب یہ ہوگا کہ ممدوح بلندی و فضیلت میں ہمیشہ اپنے ہمعصروں پر غالب و فائق رہتا ہے، البالغ فی اشاعۃ العدل اقصیٰ الغایات،

ترجمہ پہنچنے والا ہے عدل کے پھیلانے میں انتہاؤں کی انتہا، اور انتہاؤں کے آخر کو، تشریح، البالغ پہنچنے والا، اشاعۃ پھیلانا، اقصیٰ دور، غایات غایۃ کی جمع ہے انتہا، دوری مطلب عدل جتنا پھیل سکتا تھا ممدوح نے اس کو اتنا پھیلایا، یعنی کماحقہ عدل و انصاف کرنے والا ہے، سوال غایت تو شئی کی انتہا، اور آخر کو کہتے ہیں پھر اس کی انتہاء کا کیا مطلب، جواب یہاں غایات سے مراد انواع ہیں، اور اقصی الغایات سے ان انواع کا فرد کامل مراد ہے، یعنی انتہاؤں سے جو اعلیٰ اور اکمل ہے اس تک ممدوح نے عدل کو پہنچایا، ف

ناظورۃ دیوان الوزارۃ، ترجمہ دیکھا ہوا دفتر وزارت کا، تشریح ناظورۃ مبالغے کا صیغہ ہے بمعنی منظور (بہت دیکھا ہوا) تا اس میں تاکید مبالغہ کیلئے ہے دِیْوان، وہ رجسٹر جسمیں ملکی قوانین یا فوج کے کوائف وغیرہ مرسوم ہوں یہاں دیوان وزارت سے اہل دیوان وزارت مراد ہے، دیوان وزارت سے مراد وہ رجسٹرڈ ہے جسمیں وزراء کے کوائف وغیرہ مرسوم ہوں، مطلب وہ اتنا بڑا ہے کہ وزراء اس کے حکم اور فرمان کی خاطر اس کیطرف دیکھتے اور اس کا انتظار کرتے رہتے ہیں

عین اعیان الامارۃ، ترجمہ پسندیدہ امیروں میں سے پسندیدہ ہے،

تشریح، عَیْن پسندیدہ، اَعْیان جمع عَیْن، اِمارۃ امیر ہونا، اس کا مضاف مقدر ہے یعنی اہل الامارۃ، اللائح من غرتہ الغراء لوائح السعادۃ الابدیۃ، ترجمہ ظاہر ہے اس کے روشن چہرے سے دائمی نیک بختی کی علامات، تشریح، اللائح لَوْح سے ہے ظاہر ہونا غُرَّۃ اس کا اصلی معنی ہے گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی، یہاں چہرہ مراد ہے، الغراء غین کی زبر کے ساتھ اَغَرّ کی مؤنث ہے، معنی، سفید، روشن، لوائح لائحۃ کی جمع ہے، چمکدار، مراد علامات، سَعادات سَعادۃ کی جمع ہے نیک بختی، الابدیۃ اَبَد کی طرف منسوب ہے، ہمیشہ والی، الفائح من ہمتہ العلیا روائح العنایۃ السرمدیۃ، ترجمہ ظاہر ہیں اس کی بلند ہمت سے دائمی مہربانی کی خوشبوئیں، تشریح، الفائح ظاہر، ہمۃ پختہ ارادہ، عُلْیا مؤنث اَعْلٰی بلند، روائح رائحۃ کی جمع ہے، خوشبو، عِنَایۃ مہربانی، سَرْمَدِیۃ، سَرْمَد کی طرف منسوب ہے، ہمیشہ، ممہد قواعد الملۃ الربانیۃ، ترجمہ، پھیلانے والا ہے دین خدا کے قواعد کو، تشریح، ممہد تمہید سے ہے، پھیلانا، تیار کرنا، ملۃ لغت میں بمعنی کافی ہونا، اصطلاح میں احکام الٰہیہ کا وہ مجموعہ جو بواسطہ نبی کے لوگوں تک پہنچایا گیا ہو، ربانیہ رب والی، یہ رب کی طرف منسوب ہے بایں حیثیت کہ خدا تعالی نے لوگوں کو ان احکام کا حکم دیا، اس میں الف ونون خلاف قیاس زائد کیے گئے، مطلب ممدوح احکام الٰہیہ کو عام کرتا ہے یعنی مجتہد ہے احکام کا استخراج

کرتا ہے، مؤسس مبانی الدولۃ السلطانیۃ، **ترجمہ** بادشاہی وملکی ریاست کی بنیادوں کو
مضبوط کرنے والا ہے، **تشریح**، مؤسس تاسیس سے ہے پختہ کرنا، مضبوط
کرنا، مَبْنیٰ کی جمع ہے مَبَانِیْ، معنی بنیاد، الدولۃ ریاست، العالی عنان
الجلال رایات اقبالہ، **ترجمہ** بلند ہونے والے ہیں اس کے بخت کے جھنڈے
(اس کے غیر کی) عظمت کے بادل پر، عنان منصوب بنزع الخافض ہے یعنی بعنان
اور یہ باء علیٰ کے معنی میں ہے، الجلال پر الف لام عوض مضاف الیہ کے ہے یعنی اس کا
مضاف الیہ مقدر ہے، تقدیر عبارت اس طرح ہے العالی رایات اقبالہ علی جلال
غیرہ، عالی کا فاعل رایات ہے، **تشریح** عالی عُلُوٌّ سے ہے، بلند ہونا، عنان
عین کی زیر و زبر دونوں جائز ہیں، بادل، الجلال وہ عظمت جو اپنے غیر کے ساتھ
قائم ہو، عنان کی الجلال کی طرف اضافت مشبہ بہ کی ہے مشبہ کی طرف، یعنی وہ
عظمت جس کو احاطہ و پھیلاؤ میں بادل سے ساتھ مشابہت ہے **مطلب** اس کی
عظمت کی وجہ سے اس کے بخت کے جھنڈے اس کے غیر کی عظمت پر چھائے ہوئے
ہیں، التالی لسان الاقیال آیات جلالہ، **ترجمہ** پڑھنے والی ہے بادشاہوں
کی زبان اس کی عظمت کی نشانیاں، **تشریح**، التالی تلاوۃ سے ہے پڑھنا،
لِسَان زبان، الاَقْیَال، قَیْل کی جمع ہے اصل میں اس کا معنی ہے حِمْیَر (یمن کا قبیلہ)
کا بادشاہ، یہاں مطلق بادشاہ مراد ہے، دسوقی حاشیہ مختصر المعانی ص ۳۱/ج۱ ۔
آیات آیۃ کی جمع ہے معنی، واضح نشانی، آیت ہر اس ظاہر شیئ کو کہا جاتا ہے جو دوسری

ایسی شئی کو لازم ہو جو اس کی طرح لازم نہ ہو، مفردات اردو ص۴۳،

مطلب، بادشاہ ممدوح کی عظمت کے ترانے گاتے رہتے ہیں، ظل اللہ علی العالمین ترجمہ اللہ کا سایہ ہے جہانوں پر، علی العالمین الکائن سے متعلق ہوکر ظل کی صفت ہے یعنی ظل اللہ الکائن علی العلمین، تشریح ظلّ، سایہ، اس پر کاف مثلیہ مقدر ہے اور تقدیر عبارت ہے کالظل المخلوق له فی الاجسام، یعنی ممدوح اس سایہ کی طرح ہے جو اللہ تعالی نے مخلوق کے اندر اجسام کیلئے پیدا کیا ہے تو جس طرح اجسام کا سایہ گرمی سے بچاتا ہے اسی طرح ممدوح بھی شدائد و مشکلات سے ماوٰی و ملجا ہے، ملجأ الافاضل والعالمین، ترجمہ بزرگوں اور علماء کی جائے پناہ ہے، تشریح، مَلْجَأ ظرف مکان ہے جائے پناہ، ٹھکانہ، اَفَاضِل اَفْضَل، بزرگ، فضیلت والا، عَالِمِیْن عَالِمٌ کی جمع ہے، علم والا، جاننے والا، اس کا عطف افاضل پر از قبیل عطف الخاص علی العام ہے کیونکہ افضل کا معنی ہے صاحب فضیلت اور یہ عالم و غیر عالم دونوں پر بولا جاتا ہے، شرف الحق والدولة والدین، ترجمہ شرافت بخشنے والا حق اور بادشاہی اور دین کو، تشریح شَرَف بمعنی مُشَرِّف ہے یعنی شرافت و عزت دینے والا، حَقّ صفت مشبہ ہے، ثابت، یہاں حق سے مراد اسلام کے اعتقادات ہیں، دَوْلَة بادشاہی، دِیْن مصدر ہے دَانَ یَدِیْنُ کا لغت میں اس کا معنی ہے جزا دینا، یہاں مراد اسلامی احکام ہیں، مطلب وہ ممدوح اعتقادات اور احکام کو صحیح معنی میں پھیلانے والا ہے اور ملک کو استحکام کے راستہ پر چلاتا ہے اس لیے

وہ ان کو شرافت دینے والا ہے یعنی ان کی شرافت کا باعث و سبب ہے،،، ف

واضح رہے کہ ممدوح کو جو شرف حق و دین و دولت کہا گیا یہ مجازا ہے، درحقیقت

وہ اہل حق کا شرف ہے، رشید الاسلام مرشد المسلمین، ترجمہ مسلمانوں

میں سے کامیاب اور مسلمانوں کا راہ نما، یہ ممدوح کے باپ کا لقب ہے تشریح۔

رَشِیْد، کامیاب، امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک رشید اپنے مال کے محافظ کو۔

کہا جاتا ہے، امام شافعی علیہ الرحمۃ کے نزدیک مال و دین دونوں کے محافظ کو رشید۔

کہا جاتا ہے، الاسلام کا مضاف مقدر ہے یعنی رشید اہل الاسلام، مُرْشِد، ۔

راہ دکھانے والا، مطلب ممدوح کا باپ مال و دین کی حفاظت میں تمام مسلمانوں

سے زیادہ کامل ہے، وہ مسلمانوں کا راہ نما ہے کہ ان کو اپنے افعال و اقوال کے ذریعے ب۔

سیدھا راستہ دکھاتا ہے، امیر احمد، یہ ممدوح کا نام ہے، اللہ لقبہ من ۔

عندہ شرفا، ترجمہ اللہ تعالے نے لقب دیا اس کو اپنی طرف سے شرف کا

(شرف الدین کا) شَرَفا مفعول مطلق ہے باعتبار حذف مضاف کے، یعنی لقبہ

تلقیب شرف، تشریح لَقَّبَ تَلْقِیْب سے ہے لقب دینا، مطلب

اللہ تعالی نے ممدوح کو اپنی طرف سے شرف الدین کا لقب عطا کیا، لقب

کی ایک جزء (الدین) کو مصرع میں حذف کر کے اس بات کی طرف اشارہ کیا کہ

تعریف لقب کی جزء اول سے حاصل ہو جاتی ہے یعنی شرف سے، اللہ تعالی کے لقب

دینے کا مطلب یہ ہے کہ اس نے لوگوں کے دلوں میں یہ بات ڈال دی کہ وہ ممدوح کو۔

اس لقب کے ساتھ پکاریں، لانہ شرفت دینے الصدی شیمہ، ف

ترجمہ اس لیئے کہ شرافت دی اور بلند کیا ھدایت سے دین کو اس کی عادات

نے، یہ لقبہ کے متعلق ہے اور اس کی علت ہے، لانہ کی ضمیر کا مرجع ممدوح ہے یا یہ

ضمیر شان ہے، تشریح، دین الھدی سے مراد وہ دین ہے جو لوگوں کے ھدایت یافتہ

ہونے کا سبب ہے، شِیَمٌ شِیْمَۃٌ کی جمع ہے عادت، خصلت، مطلب اللہ تعالیٰ

نے ممدوح کو شرف الدین کا لقب اس لیئے عطا کیا ہے کہ اس کی اچھی عادات نے اسلام

کو شرافت بخشی ہے اور بلند کیا ہے، ان الامارۃ باھت اذ بہ نسبت، ت

ترجمہ بے شک بادشاہی نے فخر کیا جب اس کے ساتھ منسوب ہوئی،،

تشریح بَاھَتْ مباھاۃ سے ہے، فخر کرنا، نُسِبَتْ نِسْبَۃ سے ہے، نسبت کرنا،

مطلب امارت (سرداری) کی نسبت جب ممدوح کی طرف ہوئی، یعنی جب

وہ سردار بنا تو اس نسبت پر خود امارت نے فخر کیا کہ مجھے ایک جلیل القدر شخصیت

کیطرف نسبت کا یعنی منسوب ہونے کا شرف حاصل ہوا ہے، والحمد حمد لما اشتق

منہ سمہ، ترجمہ اور حمد محمود ہوگئی جب نکالا گیا اس حمد سے ممدوح کا نام، ت

تشریح حُمِّدَ تحمید سے ہے، تعریف کرنا، اشْتُق اشتقاق سے ہے، نکالنا، ت

سِمۃٌ اِسْم میں ایک لغت ہے، سِمۃٌ کا معنی، نام، مطلب لوگوں نے حمد کی

بہت تعریف کی جب اس سے ممدوح کا نام (احمد) مشتق ہوا، یعنی لوگ اس کی بہت تعریف

کرتے ہیں اور اس کی تعریف حمد کی تعریف ہے اس لیئے کہ اس کا نام حمد سے ماخوذ ہے،

لازال اعلام العدل فی ایام دولتہ عالیۃ، ترجمہ ہمیشہ رہیں عدل کے

جھنڈے اس کی بادشاہی کے دنوں میں بلند، یہاں سے ممدوح کیلئے دعا کر رہا ہے،
تشریح اَعْلَام عَلَم کی جمع ہے جھنڈا، اَیَّام یَوْم کی جمع ہے، دن، ایام
اصل میں اَیْوَام تھا بقاعدہ سَیّد ایام ہوا، اعلام العدل سے وہ اسباب
مراد ہیں جن کے ذریعے عدل کا حصول ہوتا ہے یعنی اس کے دور میں اللہ رب العزت
عدل و انصاف کے اسباب کو بلند رکھے، تاکہ عدل اسی طرح قائم رہے، د
وقیمۃ العلم من اثار تربیۃ غالیۃ، ترجمہ اور (ہمیشہ رہے) علم کی قیمت
اس کی پرورش کے آثار کیوجہ سے بھاری، اس کا عطف اعلام العدل پر ہے
تشریح، تَرْبِیَۃ مصدر ہے باب تفعیل کا، پالنا، غالیۃ غَلاء سے ہے
بھاری ہونا، مطلب اثار تربیت سے مراد ممدوح کی عطائیں اور لوگوں کو علماء
کی تعظیم کا حکم دینا ہے، یعنی وہ علماء کی خدمت کرتا ہے جس کی وجہ سے علم کا چرچہ ہے
خدا کرے اس کی یہ خدمت جاری رہے تاکہ علم کی رونق برقرار رہے، یعنی وہ عطیات اور
علماء کی عزت اس کی تربیت کے آثار و علامات ہیں، اور اسی کی وجہ سے علم کی قیمت
بھاری ہوگی کہ لوگ اس میں زیادہ مشغول ہونگے، وایادیہ علی اہل الحق فائضۃ، د
ترجمہ اور (ہمیشہ رہیں) اس کی نعمتیں اہل حق پر زیادہ، اس کا عطف بھی اعلام العدل
پر ہے، تشریح اَیَادِی اَیْدِی کی جمع ہے وہ یَدٌ کی جمع ہے، اصل میں ید کا معنی ہے ہاتھ
یہاں مجازاً نعمت مراد ہے، اہل الحق سے مراد علماء ہیں، فائضۃ فَیْضَان سے
سے ہے، بہنا مراد کثرت ہے، واعادیہ من بین الخلق غائضۃ، ترجمہ

اور (ہمیشہ رہیں) اس کے دشمن کم مخلوق کے درمیان سے، اس کا عطف بھی اعلائہ العدل پر ہے، مِنْ بین الخلق یا الکائنۃ کے متعلق ہوکر اَعادیہ کی صفت ہے، یا غائضۃ کے متعلق ہے **تشریح** اَعَادِی اَعْداء کی جمع ہے وہ عَدُوٌّ کی جمع ہے، معنی، دشمن غائضۃ غَاضَ یغیض سے ہے، کم ہونا، ختم ہونا، وہو الذی عم اہل الزمان باضافۃ العدل والاحسان، **ترجمہ** وہ ممدوح وہ ہے جس نے گھیر لیا زمانے والوں کو ساتھ بہانے عدل واحسان سے، **تشریح**، عَمَّ عُموم سے ہے، گھیرنا، شامل ہونا، **مطلب** ممدوح وہ ہے جس کی عطائیں اپنے زمانے والوں پر بارش کی طرح برستی ہیں، وخص من بینہم اہل العلم بفواضل متوالیۃ وفضائل غیر متناہیۃ، **ترجمہ** اور خاص کیا ان کے درمیان سے علماء کو ساتھ وافر عطاؤں کے اور ساتھ بے انتہاء عطاؤں کے، فَوَاضل فاضلۃ کی جمع ہے وہ عطاء جو غیر کی طرف متعدی اور متجاوز نہ ہو جیسے بہادری کہ یہ بہادر کے ساتھ قائم ہے اس سے غیر کی طرف متجاوز نہیں ہوتی، مُتوالیۃ تُوَالِی سے ہے لگاتار ہونا، فَضَائل فضیلۃ کی جمع ہے وہ عطا جو غیر کی طرف متجاوز ہو جیسے احسان کہ یہ محسن سے اس کے غیر کی طرف متجاوز ہوتا ہے، ورفع لاہل العلم مراتب الکمال، **ترجمہ** اور بلند کیا اس نے علماء کیلئے کمال کے مراتب کو، اس کا عطف خصّ پر ہے اور یہ اس کا بیان ہے **تشریح** رَفَعَ رَفْع سے ہے، بلند کرنا، مَرَاتب مرتبۃ کی جمع ہے، رتبہ، درجہ، کمال، وہ چیز جس کے ذریعے نوع اپنی ذات اور فعل میں مکمل ہو، **مطلب**،

علماء کیلئے جو درجات و مراتب ثابت تھے ممدوح نے ان کو بلند و ظاہر کیا، ف

یعنی وہ مراتب مخفی وغیر ظاہر تھے ممدوح نے ان کو پھیلا دیا، ونصب لارباب

الدین مناصب الاجلال، ترجمہ اور ظاہر کیا اس نے دین والوں کیلئے تعظیم

کے مراتب کو، تشریح نَصَب نَصْب سے ہے، کھڑا کرنا، اَرْبَاب رَبّ کی جمع

ہے، پالنے والا، یہاں صاحب کے معنی میں ہے، مَنَاصِب مَنْصِب کی جمع ہے، ف

مرتبہ، اِجْلَال تعظیم، مَنَاصب الاجلال سے مراد تعظیم کے اسباب ہیں، یعنی وہ

اسباب جو دین والوں کی تعظیم تک پہنچائیں، مطلب ممدوح نے دینداروں

کی تعظیم کے اسباب ظاہر کر دیئے یعنی لوگوں کو دینداروں کی تعظیم کا حکم دیا،

وخفض لاصحاب الفضل جناح الافضال، ترجمہ اور جھکا دیا اس نے

فضیلت والوں کیلئے احسان کا بازو، تشریح، خَفَض خَفْض سے ہے، نیچے کرنا،

جھکانا، جَنَاح بازو، پر، خَفَض جناح سے تواضع وعاجزی مراد ہے، مطلب

ممدوح سردار ہونے کے باوجود ارباب فضل کی تعظیم کرتا ہے اور ان پر احسان کرتا ہے،

حتی جلب الی جناب رفعتہ بضائع العلوم من کل مرمی سحیق،

ترجمہ یہاں تک کہ کھینچے گئے اس کی بلند دربار کی طرف علوم کے سرمائے ہر دور جگہ سے،

ترکیب حَتّی استینافیہ ہے اور جملہ پر داخل ہے حرف جر نہیں اس لئے کہ حتی جارہ

جملہ پر داخل نہیں ہوتا، اور عاطفہ بھی نہیں اس لئے کہ وہ بھی اسم پر داخل ہوتا ہے، بعض نے

کہا حَتّی غایت کیلئے ہے اور خَفَض سے متعلق ہے، تشریح جلب جَلْب سے

ہے، کھینچنا، جَنَاب اصل میں اس کا معنی ہے چوکھٹ، دہلیز، عرب کا طریقہ ہے کہ جب

وہ کسی عظیم المرتبت شخصیت کا نام لینا چاہیں تو اس کے نام کے ساتھ جناب کا لفظ لگاتے ہیں اشارہ اس طرف ہوتا ہے کہ یہ اتنا عظیم المرتبت آدمی ہے ہم اس کا نام لینے کے قابل نہیں بلکہ اس کی چوکھٹ کا نام لیتے ہیں، لمعات شرح مشکوۃ (ص ۴۷/ ج ۱) میں ہے والعرب اذا ارادوا ان یذکروا اسم احد من العظماء بالتعظیم والاحترام اضافوا الجناب الیہ کانہ لا یمکن ذکر اسمہ لعلو قدرہ الا اسم جنابہ وعتبتہ' رِفعَۃ بلندی، جناب رفعۃ سے مراد ممدوح کی ذات ہے یا بادشاہی کی جگہ، ب بَضَائع بِضَاعۃ کی جمع ہے، سرمایہ، سامان، بضائع کی العلوم کی طرف اضافت مشبہ بہ کی ہے مشبہ کی طرف، یعنی وہ علوم جن کو سرمایوں کے ساتھ مشابہت ہے مرغوب ہونے میں، اضافت بیانیہ بھی ہو سکتی ہے، مَرْمیٰ اسم ظرف ہے، تیر پھینکنے کی جگہ، لیکن یہاں تیر پھینکنے کے معنی سے مجرد ہوکر صرف جگہ کے معنی میں مستعمل ہے، سَحِیْق، دور، **مطلب** چونکہ ممدوح نے علماء پر احسانات کیئے ان کے ساتھ اظہار عاجزی کی جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ تمام علوم اس کی سلطنت میں پھیل گئے اور پورے ملک میں اور اس کے دربار میں تمام علوم کی چہل پہل ہوگئی، ووجہ تلقاء مدین دولتہ مطایا الآمال من کل فج عمیق، **ترجمہ** اور متوجہ کیئے گئے اس کی بادشاہی کے شہروں کی طرف آرزوؤں کی سواریاں ہر دور راستہ سے، ب

تشریح تِلْقَاء، جانب، طرف، مَدْیَن اصل میں حضرت شعیب علی نبینا وعلیہ الصلوات والتسلیمات، کی وہ بستی جہاں حضرت موسی علیہ السلام کو امن

حاصل ہوا یہاں اس سے مراد جمع دکھی شہر یعنی ملک و سلطنت ہے، اور اس کی دولۃ کی طرف اضافت مشبہ بہ کی ہے مشبہ کیطرف یعنی وہ بادشاہی جسکو مدین بستی کے ساتھ مشابہت ہے بے خوفی کے حصول میں، یا مدین سے وہ شہر مراد ہے جسمیں ممدوح رہتا تھا، مَطَایا مَطِیَّۃ کی جمع ہے، سواری، آمال اَمَل کی جمع ہے، آرزو، مطایا کی آمال کی طرف اضافت مشبہ بہ کی ہے مشبہ کی طرف یعنی وہ آرزوئیں جنکو سواریوں کے ساتھ مشابہت ہے عطیات حاصل کرنے کی طرف پہنچنے کا ذریعہ ہونے میں، فَجّ کھلا راستہ، عَمِیْق، گہرا راستہ، وہ راستہ جسپر بکثرت گذرا جائے، گویا وہ لوگوں کے زیادہ گذرنے کی وجہ سے گہرا ہوگیا، ت

اللھم کما ایدتہ لاعلاء کلمتک فابدہ ترجمہ اے اللہ جسطرح طاقت دی تونے اس کو واسطے بلند کرنے اپنے کلمہ کے پس ہمیشہ رکھ تو اس کو (یعنی اس اعلاء کلمہ پر اس کو ثابت قدم رکھ) ایدت تائید سے ہے، طاقت دینا، اعلاء بلند کرنا کلمۃ، اس سے مراد کلمہ توحید ہے یعنی وہ کلمہ جو ثبوت الوہیت پر دلالت کرتا ہے، یا کلمہ سے مراد اسلام ہے، کلمہ کو بلند کرنے سے مراد دشمنان خدا کے ساتھ لڑائی کرنا اور ان کو رسوا کرنا ہے، وکما نورت خلدہ لنظم مصالح خلقک فخلدہ، ترجمہ اور جسطرح روشن کیا تونے اس کے دل کو واسطے درست کرنے اپنی مخلوق کی مصلحتوں کے پس ہمیشہ رکھ اس (کے دل) کو، تشریح نورت تنویر سے ہے، روشن کرنا، خَلَد، دل، خلد تخلید سے ہے، ہمیشہ رکھنا، یہاں مراد مکث

طویل ہے، مطلب اے اللہ جسطرح تو نے ممدوح کے دل کو اپنی مخلوق کے انتظام کیلئے روشن کیا ہے اسی طرح اس دل کو طویل زمانہ زندہ رکھ تاکہ مخلوق آرام سے رہے،

فائدہ، کاف جارہ جب مَا کافہ پر داخل ہو تو وہ کاف تشبیہ کیلئے ہوتا ہے جیسے کما ایدتہ میں، لیکن مذکورہ کاف جملہ کی جملہ کے ساتھ تشبیہ کے ساتھ خاص ہوتا ہے، اسی وجہ سے اس کے بعد اِنَّ مکسورہ واقع ہوتا ہے، من قال آمین ابقی اللہ مہجتہ، ترجمہ جس نے کہا آمین باقی رکھے اللہ تعالی اس کی ذات کو، تشریح، آمین الف کی مد کے ساتھ (آمین) الف کی قصر کے ساتھ (اَمین) دونوں صورتوں میں اس کا وزن فعیل ہے بصورت مد اس لیئے کہ مد اشباع کیلئے ہے، اس کی میم مشدد نہیں بلکہ مخفف ہے، یہ مبنی علی الفتح ہے یعنی نون پر زبر ہے یہ اسم فعل ہے اِستَجِب (قبول کر) کے معنی میں، شیخ زادہ حاشیہ تفسیر بیضاوی، صـ۵۴ ، مُہجۃ، روح، یہاں زندگی یا ممدوح کی ذات مراد ہے، فان ھذا دعاء یشمل البشرا، ترجمہ اس لیئے کہ یہ ایسی دعاء ہے جو تمام لوگوں کو شامل ہے، ف فاء تعلیلیہ ہے اور یہ ابقی کی علت ہے، مطلب جو اس میری دعاء (جو سا بقا ممدوح کیلئے کی) پر آمین کہے خدا اس کو زندہ وسلامت رکھے اس لیئے کہ ممدوح کی سلامتی وبلندی سے تمام لوگوں کی سلامتی وبلندی وابستہ ہے، تو یہ دعاء اگرچہ لفظا بر صرف ممدوح کیلئے ہے لیکن یہی تمام لوگوں کی سلامتی وبلندی کی بھی دعاء ہے فان وقع فی حیز القبول فھو غایۃ المقصود ونہایۃ المامول، ترجمہ

پس اگر واقع ہو وہ شرح قبول کے مقام میں پس وہ (قبول کیا جانا) انتہائی مقصود اور آخری آرزو ہے، حَیِّز، وہ خلاء موہوم جسکو کسی چیز کے ساتھ پر اور مشغول کیا جائے، بمعنی مکان دیگر ابھی استعمال ہوتا ہے، مطلب میری آخری اور سب سے بڑی آرزو یہی ہے کہ ممدوح اس شرح کو اپنی دربار میں قبول کرلے، سوال حیز القبول میں تو قبول آگیا اور حیز قبول کے ساتھ مشغول ہوگیا پھر اس حیز میں شرح کیسے آئے گی، جواب[1] حیز کی قبول کی طرف اضافت بیانیہ ہے، جواب[2] شرح قبول کے ساتھ متحد ہے مبالغۃ، گویا قبول و شرح ایک چیز ہیں، اور یہ دونوں ایک ہی محل میں آگئے، ممدوح سے یہ امید کرکے کہ اس شرح کو مکمل قبول کرے، قبول کو شارح نے جسم کے ساتھ تشبیہ دے کر اس کیلئے حیز کو ثابت کیا کیونکہ حیز اجسام کا ہوتا ہے نہ کہ معانی کا، واللہ تعالی اسئل ان یوفقنی للصدق والصواب، ویجنبنی عن الخطل والاضطراب انہ ولی التوفیق وبیدہ أزمّۃ التحقیق، ترجمہ: اور اللہ تعالی سے سوال کرتا ہوں کہ توفیق دے مجھکو سچائی اور درستی کی، اور بچائے مجھکو غلطی اور تردد سے، بے شک وہ توفیق عطا کرنے والا ہے، اور اسی کے قبضہ میں تحقیق کی مہاریں ہیں، واللہ تبارک وتعالی اعلم بالصواب،

۲۹ محرم الحرام ۱۴۰۸ھ دو شنبہ مختتم شد شرح خطبہ قطبی) 26/9/87

نوٹ: رسالہ شمسیہ کے خطبہ کی شرح آخر میں ص پر ملاحظہ فرماویں)

قال المصؒ ورتبتہ، عطف علی قولہ وسمیتہ، فیکون ضمیر رتبتہ راجعا الی الکتاب، والظاہر ان التسمیۃ بعد الترتیب فینبغی ان یذکر قولہ وسمیتہ بعد قولہ ورتبتہ. ویمکن ان یجاب بان الواو فی رتبتہ حالیۃ ای سمیتہ حال الترتیب. قولہ علی مقدمۃ. ای من مقدمۃ فکلمۃ علیٰ ہ بمعنی من التبعیضیۃ لابمعنی الاستعلاء لان الاستعلاء یستلزم التغایر بین المستعلی والمستعلی علیہ ولاتغایر بین الرسالۃ ومقدمۃ وثلث مقالات وخاتمۃ بل تکون الرسالۃ نفس ہذہ الاشیاء ثم اعلم ان قولہ ورتبتہ اشارۃ الی اجزاء الکتاب والاشارۃ الیہا من المستحبات.

قولہ وثلث مقالات، ہی جمع مقالۃ (بفتح المیم) بمعنی گفتن وگفتار ویک فصل از کتاب ویک مطلب کہ تحت عنوان معینی نوشتہ شدہ باشد. قولہ معتصما، حال من فاعل رتبتہ. الاعتصام چنگ درزدن. قولہ بحبل التوفیق، الحبل رسن، التوفیق فی اللغۃ دست دادن کسی را در کار. و فی الاصطلاح جعل اسباب العبد موافقا لما ہو الخیر فی حقہ. قولہ من واہب العقل، متعلق بتوفیق والواہب من الہبۃ عطا کنندہ. والعقل فی اللغۃ القید یقال عقلت البعیر ای قیدتہ والعقل ایضا یمنع ذوی العقول من العدول عن سواء السبیل، و فی الاصطلاح قوۃ تستعد للعلوم والادراکات، قولہ ومتوکلا، عطف علی معتصما. والتوکل الاعتماد. ــــ

قولہ المفیض، صفۃ لقولہ جودہ والافاضۃ الاسالۃ ای ریختن. قولہ للخیر والعدل. قال فی شرح الیساغوجی والخیر نوعان مطلق ومقید. والمطلق مایکون مرغوبا عند الکل کالعقل والعدل والمقید مایکون مرغوبا لواحد مردودا عند الآخر کالمال. وعطف العدل علی الخیر من عطف الخاص علی العام واراد بالعدل العدالۃ وہی اعظم الخیر لا الشخص العدل، والخیرۃ مصدر لا اسم تفضیل ارید بہ الحاصل بالمصدر، ثم اعلم ان فی الکلام مجازا عقلیا لان المفیض للخیر ای الموصل لہ ہو اللہ تعالیٰ،

فہم نمائی

فہم الیساغوجی

لفظ المفیض مشتق...

قوله اقول الرسالة. المقصود التنبيه على ان الماضي مجرد عن الدلالة على المضي كالافعال الواقعة في التعريفات، ودفع بهذا ما يورد على امثاله من ان الترتيب لم يقع بل سيقع، واغناك عما يتكلف فيه من جوابه تارة بان الاخبار في الترتيب في الخيال لا في الخارج وتارة بان الخطبة الحاقية. على ان الاخير يأبى عنه قوله اما المقدمة ونظائره لانه تفصيل ما في الخطبة، ثم الترتيب في اللغة جعل كل شئي في مرتبته وفي الاصطلاح جعل الاشياء المتعددة بحيث يطلق عليها اسم الواحد، قوله واحكامها. اى احكام القضايا من التناقض والعكس المستوى وعكس النقيض

قوله وانما رتبها عليها. اى رتب المص تلك الرسالة على مقدمة وثلث مقالات وخاتمة،

قوله لان ما يجب. بيان الانحصار ودليله. ويصح ان يكون بيان الباعث على هذا الترتيب

قوله الشروع فيه عليه، اى في المنطق على ما يجب، قوله فان كان الاول فهو المقدمة، كان تامة والاول فاعل، والضمير المرفوع في فهو راجع الى الاول، فان قيل المقدمة والمقالات والخاتمة اجزاء الكتاب وما يجب ان يعلم معانيها فكيف يصح حمل المقدمة على ما يجب ان يعلم، قلنا الحمل مبنى على المسامحة لشدة الارتباط بين اللفظ والمعنى والمراد فهو مدلول لمقدمة ومعنى المقدمة،

قوله وان كان الثاني، اى ما لا يتوقف الشروع فيه عليه قوله البحث فيه اى في الثاني

قوله فهو المقالة الاولى اى فهو معنى المقالة الاولى، قوله فلا يخلو، اى فلا يخلو ما يبحث فيه عن المركبات، فيه اى في ما يبحث فيه عن المركبات قوله الغير المقصودة، المراد بها ما لا يكون معرفته مقصودا اوليا في الفن بان يترتب عليه غاية الفن اولا وبالذات وهو القول الشارح

قال المحقق الدواني، قد يتوهم من هذا القول (الرسالة مرتبة) ان الشيخ اشار الى ان الظاهر ان

